Before you Sign

ملازمت ختم ہونے کی صورت میں ملازمین کے حقوق

اس سے قبل کے آپ دستخط کریں، صوتی نشریات میں خوش آمدید۔ یہ صوتی نشریات اس لئے بنائی گئی ہیں تا کہ اس بارے میں آپ کی معلومات بہتر بنا سکیں کہ اونٹاریو کے صوبے میں آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔ اگر آپ کو صحیح طور پر علم ہو کہ آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں تو آپ اپنے لئے چناؤ کر سکتے ہیں جو کہ کینیڈا میں آپ کی زندگی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ صوتی نشریات آپ کی صورت حال سے متعلق قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتی، یہ محض عام قانونی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذریہ ہیں جو آپ کی صورتِ حال پر لاگو ہو تے ہیں۔

آج ہم اونٹاریو میں ملازمین کے حقوق جب کہ ان کی ملازمت ختم کر دی گئی ہو یا ملازمت سے نکال دیا گیا ہو، کے بارے میں بات کریں گے۔ ملازمت ختم کیا جانا یا نکال دیا جانا بہت پریشانی کا باعث ہوتا ہے۔ کبھی کبھار جس شخص کو نکالا جاتا ہے اسے سمجھ نہیں آتا کہ کس وجہ سے اسے نکالا گیا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اس کا آجر اسے نکالنے کی وجہ سے ضرور آگاہ کرے۔ اس کا عمومی جواب ناں میں ہےآپ کے آجر کو یہ بتانا لازم نہیں کہ آپ کو کیوں ملازمت سے خارج کیا گیا ہے۔ اکثر حالات میں اگر آپ کو نکال دیا گیا ہے تو آپ کے آجر کو لازماً آپ کوملازمت سے اخراج کا تحریری نوٹس دینا ہوتا ہے ۔ اس کا مطلب ہے ان پر لازم ہے کہ وہ آپ کو لکھ کر دیں کہ اب آپ کام کرنے کے اہل نہیں رہے ہیں اور اس ادارے میں مزید ملازمت نہیں کر سکتے۔ وہ آپ کی ملازمت کے آخری دن سے قبل یا عین موقع پر آپ کو ملازمت سے نکال سکتے ہیں۔ اگر وہ بغیر کسی نوٹس کے آپ کو ملازمت سے نکالتے ہیں تو وہ آپ کو مناسب نوٹس نہ دینے کے عوض کچھ رقم ادا کرتے ہیں۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ انہیں "نوٹس لازمی دینا ہے" تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وقت سے پہلے آپ کو آگاہ کیا جائے کہ آپ کی ملازمت مزید جاری نہیں رہ سکے گی۔ رقم کی ادائیگی کا اصول اور رقم کی مقدار کئی عوامل پر منحصر ہے، جیسا کہ آپ کی عمر، ملازمت کا عرصہ اور ملازمت چھوٹنے کے بعد اسی سطح کی دوسری ملازمت تلاش کرنے میں پیش آنے والی دشواری۔ ایک آجر بغیر نوٹس دئیے بھی آپ کو فارغ کر سکتا ہے چند ایک اسباب کی بناء پر جیسے کی جان بوجھ کر ناشائستہ فعل کی بناء پر۔ اگر ایسا ہو تو قانونی مشورہ کے لئے رجوع کریں۔ کبھی کبھی آجران قانون کی رو سے بغیر نوٹس نکالنے کی مناسب وجوہات کے بارے میں غلطی پر بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ نے اپنے آجر کے لئے کم از کم 3 ماہ کام نہیں کیا ہے تو ملازمین کے تحفظ کے قانون کے مطابق آپکے آجر کو آپ کو نوٹس دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ (Employment Standards Act) ملازمتوں کے معیار کے قوانین ،کے بہت سے اصول ہیں کہ نوٹس دینے کا کم سے کم عرصہ کتنا ہو اور نوٹس نہ دینے کے عوض کتنی رقم دینا۔ لیکن تمام ملازمتیں (Employment Standards) ملازمتوں کے معیار کے قوانین کے تحت نہں آتیں اور بعض ملازمتوں پر اس ایکٹ کے کچھ حصے ہی لاگو ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سےآپ کی صورتِ حال اور اس کی تفصیلات کے لئے قانونی مشورہ بہت اہم ہے ۔ جان لیں کہ آپ کو، ملازمتوں کے معیار کے قوانین(Employment Standards Act) میں مندرج اصولوں سے مستفید ہونے کے لئے کینیڈا کا شہری، مستقل رہائشی یا ورک پرمٹ یعنی ملازمت کا ویزہ رکھنا ضروری نہیں ہے۔

Before you Sign

آپ کے آجر کو ایک ملازمت کا ریکارڈ جو کہ ROE کہلاتا ہے لازمی تیارکرنا پڑتا ہے جب آپ کسی بھی وجہ سے ملازمت چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ ایک فارم ہوتا ہے جو آپ کا اس آجر کے لئے ملازمت کی مدت ظاہر کرتا ہے۔ مثال کے طور پر کتنا عرصہ آپ نے آجر کے لئے کام کیا، کتنے سال کام کیا، کتنے گھنٹے کام کیا اور اس دوران کتنی رقم کمائی۔ اس فارم میں ایک سوال شامل ہوتا ہے کہ آپ کے آجر نے کس وجہ سے ROE پُر کیا ہے۔ اس میں کوڈز ہوتے ہیں مالک کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ان کا استعمال کرتے ہوئے جواب دے۔ اگر آپ کو ملازمت سے نکال دیا گیا ہے تو وہ برطرفی کے لئے "M" کا انتخاب کرے گا ۔ اگر آپ ملازمت کے بیمے کے فوائد (Employment Insurance benefits) کے لئے درخواست دیتے ہیں جسے EI بھی کہتے ہیں تو آپ کو وضاحت کرنی ہوگی کہ آپ کو کس وجہ سےملازمت سے نکالا گیا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ آپ کی اہلیت کو آیا کہ آپ ملازمت کے بیمے کے فوائد (Employment Insurance benefits) کے اہل بھی ہیں یا نہیں، متاثر کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے آجر نے پہلے سے آپ کی ملازمت کا ریکارڈ تیار کر لیا ہو تو آپ کے لئے ملازمت کے بیمے کے فوائد (EI benefits) کے لئے درخواست دینا بہت آسان ہوگا۔ کیونکہ سروس کینیڈا آپ کی ملازمت کے ریکارڈ کا ستعمال کرتا ہے یہ جاننے کے لئے کہ آپ ملازمت کے بیمے کے فوائد (EI benefits) وصول کرسکتے ہیں یا نہیں اور کتنی رقم دی جانی چاہئے اور کتنا عرصہ تک آپ یہ فوائد حاصل کر نے کے اہل ہیں۔ آپ کا آجر آپ کو ملازمت کے ریکارڈ کی ایک نقل دے سکتا ہے یا اسے براہِ راست حکومت کو الیکٹرونیکلی (electronically) بھیج سکتا ہے۔ اگر وہ اسے حکومت کو بھیج دے تو آپ کو کاپی دینا ضروری نہیں اور آپ کو EI کی درخواست دینے کے لئے اس ملازمت کے ریکارڈ کی کاپی کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کو اس کی کاپی کی ضرورت ہو تو آپ سروس کینیڈا 1-800-206-7218 پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اس صوتی نشریات کو آپ نے ملازمت سے نکالے جانے یا فارغ کرنے سے متعلق قانونی معلومات فراہم کرنے میں بہت عمدہ ذریعہ پایا ہوگا جیسا کہ اس سے متعلق تمام امور اس میں بیان ہوئے۔ ۔ اگر آپ کے ذہن میں ملازمت کی انشورنس سے متعلق سوال ہو تو برائے مہربانی وقت نکال کر اس موضوع کے تحت صوتی نشریات بھی سماعت فرمائیں۔

اگر اس موضوع سے متعلق ابھی بھی آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی آپ اُس خدمت کے دفتر یا ادارے سے رابطہ کریں جس نے آپ کو اس صوتی نشریات کے بارے میں بتایا تھا۔ اگر آپ کی رسائی کمپیوٹر تک ہے تو آپ stepstojustice.ca یا settlement.org پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ آپ کو قانونی مشورہ ، مدد یا نمائندگی کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی لیگل ایڈ اونٹاریو سے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے (مشرق معیاری وقت) تک اس نمبر 1-800-668-8258 پر رابطہ کر کے دنیا بھر کی 300 سے زائد زبانوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ صوتی نشریات لا فاونڈیشن آف اونٹاریو (Law Foundation of Ontario) کے مالی تعاون سے پیش کی جا رہی ہیں اور وائی ڈبلیو سی اے تھامس- ایلجن (YWCA St. Thomas-Elgin) اس کے تمام مواد کی مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔